Estd. : 1952

The Premier Urdu Daily

روزنامہ

سنگم

بانی: الحاج غلام سرورؒ

SANGAM

چیف ایڈیٹر: ڈاکٹر ایم اعجاز علی • ایڈیٹر: معظم حیدری

संगम


Date: 16 February 10

Edition: Patna



# آئی پی ایل کا مزہ لیجئے سنیما گھروں میں

## یوایف اوموویز دکھائے گا لائیو ٹیلی کاسٹ

پٹنہ 15 فروری (مشتاق احمد) دنیا کا سب سے بڑا ڈیجیٹل سنیما نٹورک یو ایف او مووِیز نے کرکٹ میچوں کو دیکھنے اور اس کا اور شیاسدہ مزہ پانے کے لئے ایک نئے پلیٹ فارم کی پیشکش کی ہے یو قایف او ملک بھر کے سنیما گھروں ملٹی پلیکس اور سنگل تھیٹر کے بڑے پردے کو بغیر کسی اشتہار کی رکاوٹ کے ہائی ڈیفنیشن فارمیٹ پر ڈی ایل ایف آئی پی ایل 2010 کے میچوں کو دکھائے گا۔ سنیما گھروں میں کرکٹ کے شوقین کو میچ دیکھنے کا غیر معمولی احساس ہوگا۔

یو ایف او کا منصوبہ ہے کہ تھیٹر میں میچ دیکھنے والوں کو اسٹیڈیم میں میچ دیکھنے کا احساس کرائے گا۔ شائقین کو تفریح کے اس انوکھے پہل کا لطف دلانے کے لئے ملک بھر کے چنندہ سنیما گھروں کو اس طرح بنایا گیا ہے کہ وہ اسٹیڈیم کے ماحول کو محسوس کر کے میچ دیکھ سکے تھیٹر میں فیملی کے لئے کرکٹ سے جڑے مرکن ڈائز دل کش تحفہ اور مختلف ذائقہ کے اسٹول بھی ہونگے اس جوش کو اور بڑھانے کے لئے کچھ تھیٹر میں چیر لیڈرس اور بینڈ باجے کا بھی انتظام ہوگا تاکہ انہیں میچ کا زبردست لطف مل سکے۔ مختلف قسم کے پروگرام کو چلانے کے لئے ایک سنیما جوکی بھی دستیاب رہیں گے جو وقت وقت پر منعقد کانٹیسٹ کی نظامت کر کے فاتحین کا نام اعلان کریں گے جسے قومی سطح پر دستیاب اسکرین پر فلیش کیا جائے گا۔ ٹیم کا حوصلہ بڑھانے کے لئے مختلف شعبے کے سلیبرٹیز مقررہ وقت اور وقفہ پر سنیما گھر بھی آئیں گے یہ کارنیول آئی پی ایل کے جادو کو سنیما گھر کے اندر 45 دنوں تک لگاتار برقرار رکھے گا چونکہ زیادہ تر لوگ کرکٹ کا مزہ اپنے قریبی دوستوں یا فیملی کے بیچ بیٹھ کر پانا چاہتے ہیں ایسے میں تھیٹر میں لائیو میچ دیکھنا انہیں آئی پی ایل کے جادو میں سرابور کر دے گا وہ بھی بغیر کسی اشتہار کی رکاوٹ کے۔

یو ایف او مووِیز انڈیا لمیٹیڈ کے نیشنل سیلس ہیڈ دیپک رنجن اور اسٹریٹجک ڈوائزر چارو ہاس ساؤتم نے بتایا کہ بہار اور جھارکھنڈ کے تقریباً 33 سنیما گھروں میں آئی پی ایل کا لائیو ٹیلی کاسٹ دکھایا جائے گا۔ جو اس طرح ہیں، شیام ٹاکز جمشید پور، نریندر اورنگ آباد، راجیو پکچر، نیو شانتی رام گڑھ، پورنما ٹاکز تلیا، سرسوتی گوپال گنج، پالی پلازہ بوکارو، پربھات چکردھر پور، جے وی آر اور رو بھانی پورنیہ، نیو درگا سگولی، اوم کار اور شری گنیش میر گنج، کونارک مونگیر، سری رام گھگویا، بندنا اور کسان بہار شریف، جے شری چتر مندر نرکٹیا گنج، ساہو سہسرام، کنور وجے بکسر، جنتا بتیا، پنچ رکسول، سویتا باڑھ جیوتی چھپرہ، پونم دربھنگہ، منا پچھی اور شجا تارا چی، شکنتلا لال گنج، جے ہند ڈہری، راج سمڈیگا، انوروپ سمستی پور، نٹراج نوادہ، اور گیا کے آنند ٹاکیز میں دکھانے کا انتظام کیا جارہا ہے 12 مارچ سے ان سبھی سنیما گھروں میں آئی پی ایل لائیو ٹیلی کاسٹ دکھایا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ دینا سنیما سے اس سلسلے میں بات چیت چل رہی ہے انہوں نے یہ بھی بتایا کہ فلم شو کے ٹکٹ کی قیمت پر میچ بھی دکھایا جائے گا۔




سنیما گھروں میں آئی پی ایل کا میچ دکھانے کی جانکاری دیتے ہوئے یو ایف او مووِیز انڈیا لمیٹیڈ کے دیپک رنجن اور چارو ہاس۔۔۔۔